NYC Mayor's Office for People with Disabilities

**میئر کا دفتر برائے معذورافراد**

**رسائی پذیری کے تقاضوں سے دستکشی کے لیے درخواست دینا**
2014 نیو یارک سٹی کا ضابطہ عمارت
(Building Code)

اگر کسی منصوبے کا ممتحن رسائی پذیری کے کسی مسئلے کی وجہ سے آپ کی عمارت کے منصوبوں کو مسترد کر دیتا ہے تو آپ دو کام کر سکتے ہیں: اس لحاظ سے اپنے منصوبے کا جائزہ لیں، یا نیو یارک سٹی کے محکمہ تعمیرات (Department of Buildings, "DOB") سے دستکشی حاصل کریں۔ اگر آپ دستکشی حاصل کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کو ہم، میئر کے دفتر برائے معذور افراد (Mayor's Office for People with Disabilities, "MOPD") سے رجوع کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد ہم DOB کے نام ایک سفارش جاری کریں گے۔

**اہم نوٹس**

- DOB کے پاس ایک درخواست دینا ضروری ہے اور رسائی پذیری کی دستکشی منظور ہو پانے سے پہلے ایک نوکری / درخواست نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔
- تمام لازمی کاغذی کام، فارم اور ڈرائنگز پر کسی رجسٹرڈ پیشہ ور فرد، جیسے رجسٹرڈ آرکٹیکٹ (registered architect, RA) یا پروفیشنل انجینئر (professional engineer, PE) کے دستخط اور مہر ہونا ضروری ہیں۔

**سوال: MOPD کے پاس رسائی پذیری کی دستکشی کی میری درخواست کے لیے کون سا کاغذی کام مطلوب ہے؟**

- رسائی پذیری کی دستکشی کی درخواست کا فارم PEO-1 (http://on.nyc.gov/peo1).
- درخواست دہندہ کا تیار کردہ تعارفی خط (آپ کے RA یا PE کو درخواست دہندہ خیال کیا جاتا ہے)۔ تعارفی خط کا سیکشن ذیل میں ملاحظہ کریں۔
- وہ تمام ڈرائنگز جو DOB کے پاس جمع کروائی گئی ہیں۔
- اگر اعتراضات پیش کیے گئے ہوں تو DOB کے اعتراض والے پرچے کی نقل۔
- اگر دستکشی کی درخواست خارجی کام پر مشتمل ہو تو پلاٹ کا منصوبہ فراہم کریں جو املاک کی لائنیں، سامنے اور پیچھے کا صحن اور بغلی راستے نیز مناسب ابعاد اور تشریحات فراہم کریں۔
- لینڈ مارک پریزرویشن کمیشن (Landmarks Preservation Commission) (www.nyc.gov/landmarks) کی درخواست اور منظوری (اگر ضروری ہو)۔
- آپ کی درخواست کی تائید میں تصاویر، سروے، ڈرائنگز وغیر۔
- اگر آپ معاشی بوجھ کے سبب دستکشی کی درخواست دائر کر رہے ہیں تو درج ذیل تمام معلومات جمع کروائیں۔
    - کاروبار کی نوعیت؛
    - کیا کمپنی نئی ہے، بڑھ رہی ہے یا دوسری جگہ جا رہی ہے؛
    - ملازمین کی تعداد؛

- ○ آرکٹیکٹ، ٹھیکیدار یا پیشہ ور تخمینہ کار کے ذریعہ تیار کردہ منصوبہ بند کام کے لیے لاگت کا تخمینہ؛
- ○ آرکٹیکٹ، ٹھیکیدار، پیشہ ور تخمینہ کار، یا سپلائر کے ذریعہ تیار کردہ ان آئٹمز کی تخمینی لاگت جن کے لیے دستکشی کی گزارش کی گئی ہے؛ اور
- ○ مصدقہ پبلک اکاؤنٹنٹ (Certified Public Accountant) کا تیار کردہ مالی جائزہ، جس میں درخواست دہندہ کے تمام قرضوں اور اثاثوں کی پوری اکاؤنٹنگ طے کی گئی ہو۔ جمع کروائی گئی دستاویزی شہادت میں درج ذیل قسم کی معلومات شامل ہونی چاہئیں: ٹیکس ریٹرنز (آمدنی اور جائیداد ٹیکس)، موجودہ بینک کھاتے، اسٹاکس، بونڈز، غیر منقولہ املاک اور دیگر ہولڈنگز، آمدنی کے تمام ذرائع، تمام انوینٹری، ملازمین کی تنخواہیں، لون، رہن اور واجب الادا اور قابل وصول اکاؤنٹس۔

**نوٹ:** تمام مطلوبہ کاغذی کام کی صرف ایک (1) کاپی لازمی ہے۔

## سوال: تعارفی خط پر کون سی معلومات درکار ہیں؟

- ایک تحریری وضاحت جس میں درج ذیل میں سے ایک وجہ کے سبب عمارتی ضابطہ کی تعمیل نہیں کر پانے کی وجہ کی تفصیل مذکور ہو:
  - ○ ایک غیر ضروری معاشی بوجھ کی تخلیق؛ یا
  - ○ اس کا ارادی مقصد حاصل نہیں ہوا؛ یا
  - ○ طبی لحاظ سے یا قانونی طور پر ناممکن ہو؛ یا
  - ○ متبادل کی روشنی میں غیر ضروری ہو جو ارادی مقصد کے حصول کو یقینی بناتا ہو یا جو، تحفظ کی سطح میں کمی کے بغیر، زیادہ کارگزار انداز میں، مؤثر طور پر یا کفایتی لحاظ سے ارادی مقصد کو حاصل کر لے؛ یا
  - ○ تبدیلی کو اتنے خفیف انداز میں لازم کرے کہ ضابطہ کے مقاصد کے ساتھ ایک قابل نظر انداز اضافی فائدے کا آہنگ پیدا ہو۔
  - ○ جس تعمیراتی کام کا منصوبہ بنایا جا رہا ہے اس کی ایک تفصیلی وضاحت۔
- استعمال، قبضہ یا خروج میں کسی تبدیلی کی وضاحت کریں۔
- آپ کی درخواست میں شامل کردہ تمام دستاویزات کی ایک فہرست۔

## سوال: MOPD میں کارروائی کیا ہے؟

- دستکشی کی عرضی لازمی طور پر اس پتے پر ڈاک سے بھیجی جائے: The Mayor's Office for People with Disabilities, 100 Gold Street, 2nd Floor; NY, NY 10038 (ہم ای میل، ڈراپ آف یا فیکس سے عرضیاں قبول نہیں کرتے ہیں)۔
- دستکشی موصول ہو جانے پر، ہم عام طور پر 10 – 5 کاروباری دنوں میں درخواست کا جائزہ لیتے ہیں (اواخر ہفتہ کے دن یا تعطیلات کاروباری دنوں میں شامل نہیں ہیں)۔
- ہم درخواست کا جائزہ لیں گے اور DOB کے نام (یا تو آپ کی درخواست قبول یا مسترد کرنے کے لیے) ایک سفارش کریں گے یا ہم درخواست دہندہ سے اضافی معلومات کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- ہمیں DOB کے نام اپنی سفارش کر دینے کے بعد:
  - ○ ہم PEO-1 اور متعلقہ ڈرائنگز پر مہر لگائیں گے۔
  - ○ ہم PEO-1 فارم کی ایک کاپی واپس درخواست دہندہ کو بھیجیں گے اور متعلقہ DOB کے بورو کمشنر (Borough Commissioner) کو کاپی کریں گے۔
  - ○ ہم اصل PEO-1 واپس درخواست دہندہ کو ڈاک سے بھی بھیجیں گے۔
- اس وقت کے بعد سے DOB پر عمل کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔

**سوال: اگر میری درخواست مسترد ہو جاتی ہے تو کیا MOPD میں اپیل کی کوئی کارروائی ہے؟**

- اس کا سادہ سا جواب ہے، نہیں۔ مگر آپ اپنی درخواست کی تائید میں اضافی معلومات کے ساتھ اپنی درخواست دوبارہ جمع کروا سکتے ہیں۔ دوبارہ عرضی میں اوپر بالتفصیل مذکور تمام مطلوبہ کاغذی کام شامل ہونا ضروری ہے اور اس میں یہ بھی شامل ہو:
  - آپ کے تبصروں کے ساتھ PEO-1 فارم کی ایک کاپی۔
  - ایک نیا دستخط شدہ اور مہر لگا ہوا PEO-1 فارم مع دوبارہ عرضی۔
  - ایک تعارفی خط، جس میں دوبارہ عرضی کی وجہ بالتفصیل درج ہو۔

**سوال: اگر دستکشی منظور ہو جاتی ہے تو کیا مجھ سے اب بھی معذور امریکیوں سے متعلق ایکٹ (AMERICANS WITH DISABILITIES ACT, ADA)اور دیگر وفاقی، ریاست اور مقامی قوانین کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟**

- ہاں۔ دیگر تمام قابل اطلاق قوانین سے دستکشی نہیں ہوئی ہے۔ اگر آپ کو ADA کے معاملے میں تکنیکی اعانت درکار ہو تو آپ اضافی رہنمائی کے لیے ریاستہائے متحدہ کے رسائی بورڈ (United States Access Board) سے 0301-504 (800) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔